از دفتر مہتمم جنگلات تجدید ڈویژن نیلم ویلی اٹھمقام

☆☆☆

نمبر 743-98

مورخہ 20/2/2020

میسرز:۔

قریشی نرسری شنکیاری

MDعابد قریشی

عنوان:۔ **ورک آرڈر برائے فراہمی وسپلائی پودہ جات تجدید ڈویژن نیلم ویلی زیر منصوبہ TBTTP-AJK Component**

تحریر ہے کہ آپ نے مورخہ 29/10/2019 کو بسلسلہ فراہمی وسپلائی بتفصیل ذیل پودہ جات انراخ فی پودہ مختلف اقسام معہ کل مالیت پیش کیئے :۔

نمبرشمار	قسم پودہ جات	تعداد	سائز پودہ جات	نرخ فی پودہ (روپے)	کل مالیت (روپے)	مقام وصولی
01	کیکر	100,000	3.5" سے زائد	14/-	14,00,000/=	اٹھمقام
02	پاپلر	15,000	3.5" سے زائد	11/-	1,65,000/=	اٹھمقام
03	دروہ	200,000	3.5" سے زائد	14.50	29,00,000/=	اٹھمقام
04	توت	5,000	3.5" سے زائد	12/-	60,000/=	اٹھمقام
05	بینسا	5,000	3.5" سے زائد	9/-	45,000/=	اٹھمقام
06	دیودار/ کائل	2,50,000	9" سے زائد	16.50	41,25,000/=	اٹھمقام
07	یوکلپٹس/ کچنار	75,000	2' سے زائد	14/-	10,50,000/=	اٹھمقام
	کل میزان	**6,50,000**			**97,45,000/=**	

آمدہ انراخ وتصریحات کا مجوزہ کمیٹی نے بنظر عمیق مورخہ 06/12/2019 تا 09/12/2019 مختلف نرسریز کا دورہ کرتے ہوئے جائیزہ لیا۔ آپ کی طرف سے پیش کردہ انراخ کل مالیتی -/97,45,000 (ستانوے لاکھ پنتالیس ہزار) روپے کا متذکرہ کمیٹی نے تکنیکی اور مالی جائیزہ لیتے ہوئے آپ کے پیش کردہ انراخ اور تکنیکی لحاظ سے پودہ جات کی فراہمی اور سپلائی کو موزوں قرار دیا ہے۔ دفتر ہذا سے زیر نمبر 503-502 مورخہ 20/12/2019 جناب ناظم صاحب تجدید جنگلات مظفرآباد سرکل کو 6,50,000 پودوں کی فراہمی وسپلائی کل رقمی -/97,45,000 روپے کی تکنیکی، انتظامی و مالی منظوری کے علاوہ مرتب شدہ Bid Evaluation رپورٹ کو مطابق AJK-PPRA رولز متعلقہ ویب سائیٹ پر مشتہر کرنے کیلئے تحریک کی گئی دفتر ہذا کی تحریک پر سیکرٹریٹ جنگلات، اکلاس، وائلڈ لائف وفشریز سے زیر نمبر س ج /1405-2020/1399 مورخہ 13 فروری

20/02

2020 بمنشاء آزاد جموں وکشمیر ڈیلیگیشن آف فنانشل پاور رولز 2011 ء سیکنڈ شیڈول پارٹ -II محکمہ جنگلات کے قاعدہ 10 کے تحت مالی وانتظامی منظوری فرمائی جا چکی ہے۔ مطابق منظوری آپ کے حق میں تابع شرائط ذیل ورک آرڈر جاری کیا جاتا ہے۔

شرائط:۔

1- جملہ پودوں کی فراہمی وسپلائی مطابق تصریحات محکمہ کرنا ہوگی۔
2- آپ جملہ پودہ جات ورک آرڈر کی اجرائیگی سے اندر ایک ماہ فراہم کرنے کے پابند ہونگے۔
3- دفتر ہذا پودہ جات کی مقام وصولی پر فراہمی اور بعد از شمارگی صرف صحت مند پودہ جات کی ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔
4- نکاسی وترسیل پودہ جات ڈویژن ہذا کے نمائندہ کی موجودگی میں ہی قابل قبول ہوگی۔
5- پودہ جات صرف محکمہ کی طرف سے منتخب کردہ مقامات پر وصول کیئے جائیں گے۔
6- آزاد کشمیر میں رائج الوقت ٹیکسز کی کٹوتی کرتے ہوئے بل کی ادائیگی عمل میں لائی جائے گی۔
7- آپ ٹینڈر نوٹس Bidding document اور معائدہ نامہ کی تمام شرائط کے مطابق عملدرآمد کرنے کے پابند ہونگے۔
8- محکمانہ تصریحات کے مغائر ناقص پودہ جات کی فراہمی/سپلائی اور اندر معیاد کام مکمل نہ کرنے کی صورت میں زرضمانت بحق سرکار ضبط کرتے ہوئے مطابق قواعد دیگر کارروائی ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔

مہتمم جنگلات 20-02-2020

تجدید ڈویژن نیلم ویلی اٹھمقام

نقل بالا بخدمت:۔

1- جناب ناظم اعلیٰ جنگلات (ترقیات) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔
2- جناب ناظم اعلیٰ حسابات آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد بغرض اطلاع گزارش خدمت ہے۔
3- ناظم صاحب جنگلات تجدید سرکل مظفرآباد بغرض اطلاع۔
4- چیف صاحب پلاننگ محکمہ جنگلات فوکل پرسن AJK-PPRA مرسلہو کر تحریر ہے کہ Contract Award AJK-PPRA Report کی ویب سائیٹ پر شائع کرنے کا اہتمام فرمایا جائے۔
5- ڈویژنل اکونٹس آفیسر صاحب دفتر ہذا برائے اطلاع۔
6- آفس کاپی۔